نقد و نظر

موازنۂ ہلال و صلیب از جناب نکہت شاہجہاں پوری بی اے۔ حجم ۲۰۷ صفحات قیمت عہ ملنے کا پتہ :۔ الناظر بک ایجنسی لکھنو۔

مسلمانوں نے اپنے دور تمدن میں علم و تہذیب کی جو خدمت کی تھی، جہالت و غفلت نے اس پر تو بر تو پردے ڈالدیئے ہیں۔ یورپ نے بڑی بلند آہنگی سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ علم و تہذیب کے احیاء و ارتقاء میں مسلمانوں کا کوئی حصہ نہیں، اور ہم اس کے علوم و اکتشافات، ایجادات و صنائع، اور سیاسی استیلا سے مرعوب ہو کر اس قول مزخرف پر ایمان لے آئے۔ جہلاء اور متفرنجین کا ذکر نہیں۔ وہ لوگ بھی جو علم سے بہرہ ور ہیں کما حقہ آگاہ نہیں کہ انہی کے نامور اسلاف کا علم و تمدن تہذیب حاضر کی اساس ہے۔

جناب نکہت نے اسی حقیقت کو اپنوں کی زبان سے نہیں، کہ اس دور مرعوبیت میں اپنوں کی بات قبول کرنے کے لئے لوگ طیار نہیں۔ یورپ کے حق پسند اہل العلم کی زبان سے بیان کیا ہے، اور بتایا ہے کہ مغربی زندگی کے مختلف شعبوں میں حاملان قرآن کے علم و تمدن کا کس قدر رہون منت ہے، اور یہ کہ علوم و آداب مغرب میں مسلمانوں کے عہد اقبال کے اثرات اب تک باقی ہیں۔ کتاب سترہ ابواب پر منقسم ہے اور ہر باب کے تحت محنت و کاوش سے قابل قدر معلومات فراہم کی ہیں۔ زبان و بیان دلپذیر ہے۔

دعوت عمل مرتبہ مولوی عبدالحامد صاحب قادری بدایونی حجم ۵۰ صفحات قیمت ۴ر ملنے کا پتہ عابد القادری مولوی محلہ بدایوں یوپی

قرآن مجید کی تعلیمات اور اس کے احکام کو الگ الگ ابواب کے تحت جمع کیا گیا ہے۔ ہر آیت کے مقابل اس کا سلیس ترجمہ دے دیا گیا ہے جس کو معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے۔ عوام و خواص سب کے لئے کارآمد ہے۔ اور خاص کر بچوں کو پڑھانا۔ اور روزانہ ایک ایک دو دو آیتیں مع ترجمہ کے یاد کرا دینا بہت مفید ہے۔